روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 12 اگست 2005ء 6 رجب 1426 ہجری 12 ظہور 1384 ہش جلد 14 نمبر 119

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''تم آپس میں جلد صلح کرو اور اپنے بھائیوں کے گناہ بخشو- کیونکہ شریر ہے وہ انسان کہ جو اپنے بھائی کے ساتھ صلح پر راضی نہیں- وہ کاٹا جائے گا کیونکہ وہ تفرقہ ڈالتا ہے- تم اپنی نفسانیت ہر ایک پہلو سے چھوڑ دو اور باہمی ناراضگی جانے دو- اور سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلل اختیار کرو تا تم بخشے جاؤ- نفسانیت کی فربہی چھوڑ دو کہ جس دروازے کے لئے تم بلائے گئے ہو اس میں سے ایک فربہ انسان داخل نہیں ہوسکتا-

کیا ہی بدقسمت وہ شخص ہے جو ان باتوں کو نہیں مانتا جو خدا کے منہ سے نکلیں اور میں نے بیان کیں- تم اگر چاہتے ہو کہ آسمان پر تم سے خدا راضی ہو تو تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے دو بھائی تم میں زیادہ بزرگ وہی ہے جو زیادہ اپنے بھائی کے گناہ بخشتا ہے اور بدبخت ہے وہ جو ضد کرتا ہے اور نہیں بخشتا- سو اس کا مجھ میں حصہ نہیں خدا کی لعنت سے خائف رہو کہ وہ قدوس اور غیور ہے-''

(کشتی نوح - روحانی خزائن جلد 19 ص 12)

''جو شخص نہیں چاہتا کہ اپنے قصوروار کا گناہ بخشے اور کینہ پرور آدمی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے-''

(کشتی نوح - روحانی خزائن جلد 19 ص 19)

''کیا ہی خوش قسمت وہ لوگ ہیں جو اپنے دلوں کو صاف کرتے ہیں اور اپنے دلوں کو ہر ایک آلودگی سے پاک کر لیتے ہیں اور اپنے خدا سے وفاداری کا عہد باندھتے ہیں- کیونکہ وہ ہرگز ضائع نہیں کیے جائیں گے- ممکن نہیں کہ خدا ان کو رسوا کرے- کیونکہ وہ خدا کے ہیں اور خدا ان کا- وہ ہر ایک بلا کے وقت بچائے جائیں گے- احمق ہے وہ دشمن جو ان کا قصد کرے- کیونکہ وہ خدا کی گود میں ہیں اور خدا ان کی حمایت میں-'' (کشتی نوح - روحانی خزائن جلد 19 ص 20)

''میں نہیں چاہتا کہ میری جماعت والے آپس میں ایک دوسرے کو چھوٹا یا بڑا سمجھیں، یا ایک دوسرے پر غرور کریں یا نظر استخفاف سے دیکھیں- خدا جانتا ہے کہ بڑا کون ہے- یا چھوٹا کون ہے یہ ایک قسم کی تحقیر ہے جس کے اندر حقارت ہے- ڈر ہے کہ یہ حقارت بیج کی طرح بڑھے اور اس کی ہلاکت کا باعث ہو جائے- بعض آدمی بڑوں کو مل کر بڑے ادب سے پیش آتے ہیں- لیکن بڑا وہ ہے جو مسکین کی بات کو مسکینی سے سنے اس کی دلجوئی کرے اس کی بات کی عزت کرے کوئی چڑ کی بات منہ پر نہ لاوے کہ جس سے دکھ پہنچے ....... جو شخص کسی کو چڑاتا ہے وہ نہ مرے گا جب تک وہ خود اسی طرح مبتلا نہ ہو گا- اپنے بھائیوں کو حقیر نہ سمجھو- جب ایک ہی چشمہ سے کل پانی پیتے ہو تو کون جانتا ہے کہ کس کی قسمت میں زیادہ پانی پینا ہے-''

(ملفوظات جلد نمبر 1 ص 23)

## پاک کے دکھ آرام دو

حضرت معاذ بن انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ تو قطع تعلق کرنے والے سے تعلق قائم رکھے۔ اور جو تجھے نہیں دیتا اسے بھی دے۔ اور جو تجھے برا بھلا کہتا ہے اس سے درگزر کرے۔

(مسند احمد جلد 3 ص 438 حدیث نمبر: 15065)

## خالی پلاٹوں کی حفاظت

ربوہ کے ماحول میں مضافاتی محلوں میں جن احباب نے پلاٹس خرید کئے ہوئے ہیں اور ابھی مکان تعمیر نہیں کئے- ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اپنے خالی پلاٹوں کی حفاظت کیلئے ان پر باضابطہ قبضہ کی صورت پیدا کریں- اس کیلئے ضروری ہے کہ رجسٹری کے بعد انتقال کے اندراج کے بعد اب موقع پر نشاندہی حاصل کر کے کم از کم چاردیواری تعمیر کریں- بغیر قبضہ آپ کا پلاٹ قطعی غیر محفوظ ہے- اکثر کالونیاں زرعی اراضی پر بنائی گئی ہیں اور مشترکہ کھاتہ میں باضابطہ نشاندہی اور قبضہ انتہائی ضروری ہوتا ہے- یہ امر فوری لائق توجہ ہے اور اس پر عمل درآمد دراصل آپ کے مفاد کا تقاضا ہے- اس سلسلہ میں اگر کوئی دقت درپیش ہو تو صدر مضافاتی کمیٹی دفتر صدر صاحب عمومی سے رابطہ فرمائیں-

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

## ربوہ میں ہر گھر میں تین پھلدار پودے لگائیں

حضرت امام جماعت الرابع نے فرمایا:-

ربوہ میں ایک مہم چلائیں کہ ہر گھر میں خواہ وہ چھوٹا ہی ہو پھل والے کم از کم تین پودے ضرور لگیں۔ امرود کینو اور ایک کوئی اور پھل والا پودا۔ اس سے وہ غریب طبقہ جو خرید کر پھل کھانے کی طاقت نہیں رکھتا وہ اپنے گھر میں تیار شدہ پودوں سے پھل حاصل کر کے کسی حد تک اس کمی کو پورا کر سکے گا۔

(الفضل 19 مارچ 1996ء)

## اطلاع برائے اساتذہ وطلباء

نصرت جہاں اکیڈمی کے کالج سیکشن، اردو میڈیم بوائز سیکشن اور انگلش میڈیم بوائز سیکشن کے اساتذہ اور طلباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یوم آزادی کی تقریب کے سلسلہ میں مورخہ 14/اگست 2005ء کو صبح 7:30 بجے کالج ہال میں جمع ہو جائیں۔ تمام اساتذہ وطلباء کی حاضری لازمی ہے۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

مشعل راہ

# یونیورسٹی کی تعلیم منزل مقصود کے لئے پہلا قدم ہے

حضرت مصلح موعودفرماتے ہیں۔

میں ان نوجوانوں کو جوتعلیم سے فارغ ہوکر اپنی زندگی کے دوسرے مشاغل کی طرف مائل ہونے والے ہیں کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کے قانون کے مطابق سکون حاصل کرنے کی باطل کوشش نہ کرو۔ بلکہ ایک نہ ختم ہونے والی جدوجہد کے لئے تیار ہو جاؤ اور قرآنی منشاء کے مطابق اپنا قدم ہر وقت آگے بڑھانے کی کوشش کرتے رہو اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے رہو۔ کہ وہ آپ کو صحیح کام کرنے اور صحیح وقت پر کام کرنے اور صحیح ذرائع کو استعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور پھر اس کام کے صحیح اور اعلیٰ سے اعلیٰ نتائج پیدا کرے۔

یاد رکھو کہ تم پر صرف تمہارے نفسوں کی ذمہ داری نہیں تم پر تمہارے اس ادارے کی بھی ذمہ داری ہے۔ جس نے تمہیں تعلیم دی ہے۔ اور اس خاندان کی بھی ذمہ داری ہے جس نے تمہاری تعلیم پر خرچ کیا ہے۔ خواہ بالواسطہ خواہ بلاواسطہ۔ اور اس ملک کی بھی ذمہ داری ہے۔ جس نے تمہارے لئے تعلیم کا انتظام کیا ہے۔ اور پھر تمہارے مذہب کی بھی تم پر ایک ذمہ داری ہے تمہارے تعلیمی ادارے کی جو تم پر ذمہ داری ہے وہ چاہتی ہے کہ تم اپنے علم کو زیادہ سے زیادہ اور اچھے سے اچھے طور پر استعمال کرو۔ یونیورسٹی کی تعلیم مقصود نہیں ہے وہ منزل مقصود کو طے کرنے کے لئے پہلا قدم ہے۔ یونیورسٹی تم کو جو ڈگریاں دیتی ہے وہ اپنی ذات میں کوئی قیمت نہیں رکھتیں۔ بلکہ ان ڈگریوں کو تم اپنے آئندہ عمل سے قیمت بخشتے ہو۔ ڈگری صرف تعلیم کا ایک تخمینی وزن ہے۔ اور اگر ایک تخمینی وزن ٹھیک بھی ہوسکتا ہے اور غلط بھی ہوسکتا ہے۔ محض کسی یونیورسٹی کے فرض کر لینے سے کہ تم کو علم کا ایک تخمینی وزن حاصل ہوگیا ہے۔ تم کو علم کا وہ فرضی درجہ نصیب نہیں ہو جاتا ہے۔ جس کے اظہار کی یونیورسٹی ڈگری کے ساتھ کوشش کرتی ہے۔ اگر ایک یونیورسٹی سے نکلنے والے طالب علم اپنی آئندہ زندگی میں یہ ثابت کریں۔ کہ جو تخمینی وزن ان کی تعلیم کا یونیورسٹی نے لگایا تھا ان کے پاس اس سے بھی زیادہ وزن کا علم موجود ہے تو دنیا میں اس یونیورسٹی کی عزت اور قدر قائم ہو جائے گی لیکن اگر ڈگریاں حاصل کرنے والے طالب علم اپنی بعد کی زندگی میں یہ ثابت کردیں۔ کہ تعلیم کا جو تخمینی وزن ان کے دماغوں میں فرض کیا گیا تھا۔ ان میں اس سے بہت کم درجہ کی تعلیم پائی جاتی ہے۔ تو یقیناً لوگ یہ نتیجہ نکالیں گے۔ کہ یونیورسٹی نے علم کی پیمائش کرنے سے غلطی سے کام لیا ہے۔ پس تمہیں یاد رکھنا چاہئے کہ یونیورسٹیاں اتنا طالب علم کو نہیں بناتیں جتنا کہ طالب علم یونیورسٹیوں کو بناتے ہیں۔ یا دوسرے لفظوں میں یہ کہہ لو کہ ڈگری سے طالب علم کی عزت نہیں ہوتی بلکہ طالب علم کے ذریعہ ڈگری کی عزت ہوتی ہے۔ پس تمہیں اپنے پیمانہ علم کو درست رکھنے بلکہ اس کو بڑھانے کی کوشش کرتے رہنا چاہئے۔ اور اپنے کالج کے زمانہ کی تعلیم کو اپنی عمر کا پھل نہیں سمجھنا چاہئے۔ بلکہ اپنے علم کی کھیتی کا بیج تصور کرنا چاہئے اور تمام ذرائع سے کام لے کر اس بیج کو زیادہ سے زیادہ بارآور کرنے کی کوشش کرتے رہنا چاہئے۔ تاکہ اس کوشش کے نتیجہ میں ان ڈگریوں کی عزت بڑھے جو آج تم حاصل کر رہے ہو۔ اور اس یونیورسٹی کی عزت بڑھے جو تمہیں یہ ڈگریاں دے رہی ہے۔ اور تمہاری قوم تم پر فخر کرنے کے قابل ہو اور تمہارا ملک تم پر اعلیٰ سے اعلیٰ امیدیں رکھنے کے قابل ہو اور ان امیدوں کو پورا ہوتے ہوئے دیکھے۔

(مشعل راہ جلد اول ص 560)

# غزل

یہ اور بات کہ اِس عہد کی نظر میں ہوں
ابھی میں کیا کہ ابھی منزلِ سفر میں ہوں

ابھی نظر نہیں ایسی کہ دور تک دیکھوں
ابھی خبر نہیں مجھ کو کہ کِس اثر میں ہوں

پگھل رہے ہیں جہاں لوگ شعلۂ جاں سے
شریک میں بھی اسی محفلِ ہُنر میں ہوں

جو چاہے سجدہ گزارے جو چاہے ٹھکرا دے
پڑا ہوا میں زمانے کی رہ گزر میں ہوں

جو سایہ ہو تو ڈروں اور دھوپ ہو تو جلوں
کہ ایک نخلِ نمو خاکِ نوحہ گر میں ہوں

کرن کرن کبھی خورشید بن کے نکلوں گا
ابھی چراغ کی صورت میں اپنے گھر میں ہوں

بچھڑ گئی ہے وہ خوشبو اُجڑ گیا ہے وہ رنگ
بس اب تو خواب سا کچھ اپنی چشمِ تر میں ہوں

قصیدہ خواں نہیں لوگو کہ عیش کر جاتا
دُعا کہ تنگ بہت شاہ کے نگر میں ہوں

عبید اللہ علیم

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/4روپے

مرزا نصیر الدین صاحب

# مارکیٹنگ ایک اہم ذریعہ روزگار

آج کا دور صنعت کاری کی طرف رواں دواں ہے۔بہت سی ایسی اشیاء جنہیں ماضی قریب میں ایک عام آدمی خرید نہیں سکتا تھا۔آج اس کی پہنچ میں ہیں۔جیسے کچھ عرصہ قبل الیکٹرانک گھڑی بہت مہنگی تھی مگر Mass Production کی وجہ سے یہی گھڑی پچیس یا تیس روپے میں میسر ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ان اشیاء کو صارف تک پہنچانے کے ذمہ دار افراد بھی کسی خدمت سے محروم نہیں ہیں۔ان افراد کو عام زبان میں سیلز مین کہا جاتا ہے۔اشیاء کی مارکیٹنگ سے مراد تیار کنندہ سے صارف تک کسی شئے کو پہنچانا ہے۔

مارکیٹنگ ایک ایسا ذریعہ روزگار ہے جو دنیا کے کروڑوں افراد کو سمیٹے ہوئے ہے اور دن بدن پہلے سے زیادہ وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ایک ماہر سیلز مین نہ صرف اس باعزت روزگار سے معقول منافع کماتا ہے بلکہ معاشرتی طور پر بھی وسیع تعلقات رکھتا ہے۔آج کے دور میں جہاں بے روزگاری ایک بہت بڑا مسئلہ بنی ہوئی ہے،ایسے نوجوان جن کی طبیعت سیلانی ہے اور لوگوں سے میل جول پسند کرتے ہوں یہ ذریعہ روزگار انہیں پر خلوص دعوت دیتا ہے۔ Practice makes a man Perfect یعنی مسلسل کوشش آدمی کو ماہر بنا دیتی ہے کا مقولہ اس ذریعہ روزگار میں بھی پنہاں ہے۔بہر حال چند سادہ اصول جو کہ کامیابی کا پیش خیمہ ہیں۔درج کئے جاتے ہیں۔

(1) سیلز مین شپ کے کام کو خوب غور سے سنجیدگی اور دعا کے ساتھ شروع کیا جائے۔

(2) جو Product آپ مارکیٹ میں لانا چاہتے ہیں اس کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کریں۔

(3) Product کی مارکیٹ پر بھی غور کریں کہ آیا یہ Product مارکیٹ قبول کرے گی یا نہیں۔

(4) بہتر یہی ہے کہ کوئی ایسی Product جو کہ پہلے سے متعارف ہو کیلئے ایسے علاقہ کو تلاش کیا جائے جہاں اس کی ابھی رسد نہ ہو مگر ڈیمانڈ ہو۔

(5) Product کو قانونی تحفظ حاصل ہو۔

## مارکیٹ کی معلومات

☆ جس ایریا میں مارکیٹنگ کرنی ہو وہاں کے تمام Customers یا گاہکوں کی لسٹ مع مکمل پتہ اور ٹیلی فون نمبر وغیرہ۔

☆ گاہکوں کی بلحاظ خرید درجہ بندی مثلاً زیادہ مال خریدنے والے A Class اسی طرح B اور C کلاس۔

☆ مارکیٹ پر دوسری کمپنیوں کی سپلائی کے پریشر کے دن۔تاکہ آپ کا رابطہ نسبتاً کم پریشر کے دنوں میں رہے۔ایریا کی دنوں کے لحاظ سے درجہ بندی (برائے سپلائی) یہاں تک ہم نے Product اور مارکیٹ کیلئے ضروری Data یا معلومات اکٹھی کر لی ہیں جو کہ ہمیں کام شروع کرنے سے پہلے مدد دیتی ہیں۔

## کام کا آغاز

یہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ اپنے Working Area کو کام کے لحاظ سے تقسیم کر لینا بہتر ہے۔مثلاً آپ کے ایریا میں 200 جنرل اسٹورز ہیں جہاں آپ کوئی چیز فروخت کرنا چاہتے ہیں۔یہ مشکل ہوگا کہ ایک ہی دن میں 200 جنرل سٹور Visit کر کے آرڈر لے لئے جائیں اور سپلائی کر دیئے جائیں اس طرح مارکیٹ سے زیادہ فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔اگر 200 جنرل سٹور چھ دنوں میں تقسیم کر دیئے جائیں تو 33 یا 34 سٹور ایک دن کیلئے مختص ہو جائیں گے اس طرح سے آپ زیادہ توجہ اور وقت صرف کر کے بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔مزید یہ کہ آپ کو روزانہ کرنے کا کام ملتا جائے گا۔

اس کے بعد کام شروع کیا جائے۔جس میں پہلے تو گاہک سے اپنا اور Product کا تعارف Product کے تعارف سے مراد اس کی Retail اور Trade قیمت اور دیگر معلومات ہیں۔گاہک اگر دلچسپی نہ لے تو فوراً موضوع بدل دیں اور اگلی ملاقات تک Pending کر دیں مگر کسی صورت میں رابطہ نہ توڑیں۔Customer لسٹ بناتے وقت یہ ضرور خیال رکھیں کہ Product کی وہاں سے نکاسی بھی ہو سکتی ہے کہ نہیں یہ بہت ضروری ہے۔

اگر گاہک کے پاس خریداروں کا رش ہے تو وہ آپ کو توجہ نہیں دے سکتا تو بہتر ہے اس وقت اسے سلام کر کے باقی مارکیٹ سے رابطہ کریں اور فراغت کے وقت اس سے ملیں۔اس طرح آپ کے گاہک کو احساس رہتا ہے کہ آپ نے اس کے لئے خاص وقت نکالا ہے۔

ہمیشہ ذہن میں رکھیں کہ آپ اپنے گاہک کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں نقصان نہیں۔

ہو سکتا ہے کہ 200 گاہکوں میں سے شروع میں آپ کے صرف 20 گاہک بنیں لیکن دعا کرتے رہیں اور مسلسل رابطہ رکھیں۔کہتے ہیں کہ پانی کا قطرہ قطرہ پتھر میں بھی سوراخ کر دیتا ہے۔

اپنی شخصیت کو ہمیشہ باوقار لیکن انکساری میں رکھیں۔کسی گھبراہٹ،اکتاہٹ یا بیزاری کا اظہار نہیں ہونا چاہئے۔

آپ کے خلوص کی وجہ سے آپ کا اپنے گاہکوں میں مقبول ہونا بہت اچھا ثابت ہوتا ہے۔گاہک آپ کو دوست تصور کریں اور آپ کا انتظار کریں۔

## منافع بڑھانے کیلئے

جہاں آپ کی Sale بڑھتی جائے گی،منافع میں بھی اضافہ ہوتا جائے گا۔لیکن پھر بھی اخراجات زیادہ تیزی سے بڑھتے ہیں۔جس کے لئے مندرجہ ذیل طریقے اپنانے ضروری ہیں۔

(1) کاروبار کا حساب کتاب رکھیں یعنی فروخت اخراجات اور منافع وغیرہ۔منافع کے لحاظ سے فوراً چندہ جات علیحدہ کر کے ادائیگی کر دی جائے۔

(2) Working Area کو وسیع کیا جائے۔

(3) نئی Products مارکیٹ میں لائی جائیں۔

(4) مارکیٹ میں ادھار یعنی Credit کم سے کم کیا جائے۔

(5) غیر ضروری اخراجات پر نظر ثانی کی جائے۔

(6) منافع کم اور Sale زیادہ کا اصول اپنایا جائے۔

(7) روزانہ یا ماہانہ Sale Target متعین کریں

(8) استطاعت کے مطابق عام پبلک میں Product کی تشہیر۔

(9) مال زیادہ نہ خریدیں، شروع میں اتنا Stock خریدنا ہی ضروری ہے جو کہ آپ سے 4'5 دنوں کے اندر اندر فروخت ہو جائے اس طرح آپ کی Investment کم ہو سکے گی۔

(10) جس Manufacturer یا تیار کنندہ کا مال آپ بیچ رہے ہیں۔اگر وہ آپ کو کوئی ایکسٹرا Favour یا اضافی فائدہ دیتا ہے تو آپ ضرور اس میں سے کچھ حصہ اپنے گاہکوں تک پہنچائیں۔اس طرح آپ پر اعتماد بڑھے گا۔

یہ چند عام فہم معلومات ہیں جو کہ چھوٹے پیمانے پر کاروبار شروع کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔

# نیم کے درخت کے طبی خواص

نیم کے درخت کا ہر حصہ ذائقہ میں سخت کڑوا اور نتائج کے لحاظ سے بڑا میٹھا ہے۔نیم کا درخت ان درختوں میں شامل ہے۔جن کو خدا تعالیٰ نے بیش بہا فوائد سے نواز رکھا ہے۔اس کا نام نیم یعنی آدھا ہے۔مگر فوائد کے لحاظ سے آدھا نہیں بلکہ مکمل ہے۔علم طب میں آدھا حصہ درخت نیم نے لے رکھا ہے۔یہ درخت پاک و ہند میں ہر جگہ ملتا ہے۔ہند کے لوگ ہوا کے صاف کرنے کے لئے کثرت سے کاشت کرتے تھے۔

نیم کا درخت بکائن کی طرح گھنا اور سایہ دار ہوتا ہے۔اس کے پتے کنارے سے آری کی طرح کنگرہ دار اور نصف انگلی کے قریب لمبائی ہوتی ہے۔مارچ اپریل میں لاتعداد چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے پھول لگتے ہیں۔جن کی خوشبو سے فضا مہک اٹھتی ہے۔اس کے پھل کو پنجابی میں نمولی کہتے ہیں۔کچی حالت میں اگر اسے توڑا جائے تو اس میں سے کڑوا دودھ نکلتا ہے۔پکنے پر یہ نمولیاں قدرے شیریں ہو جاتی ہیں۔نمولی کے اندر مغز ہوتا ہے۔اس درخت کا ہر حصہ مثلاً پتے۔پھل۔پھول۔چھال۔جڑ۔لکڑی۔گوند۔بیج سب دوا کے طور پر استعمال میں آتے ہیں۔اس درخت کے جملہ اجزاء کی طبیعت ایک ہی بتائی جاتی ہے۔پہلے درجہ میں گرم خشک۔اس درخت کی اونچائی چالیس سے پچاس فٹ تک اور کبھی اس سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔تنے کی گولائی چھ سے نو فٹ تک ہو جاتی ہے۔نیم ورم کو تحلیل کرتا ہے۔مسکن یعنی درد کو سکون دیتا ہے۔دافع تعفن۔مصفی خون۔مقوی جگر۔دافع حمیات یعنی بخاروں کو روکتا ہے۔جراثیم کو مارتا اور زخموں کو درست کرتا ہے۔خرابی خون سے ہونے والے تمام زخموں خارش پھوڑے پھنسی کو دور کرتا ہے۔سبز پتے اور چھال چھ ماشے سے ایک تولہ نمولیوں کا تیل بیس تا تیس قطرے نمولیوں کے مغز میں برابر وزن کتھ سفید کالی مرچ گوگل۔رسوت شامل کر کے کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں یہ گولیاں ایک ایک صبح شام ہمراہ تازہ پانی کھانے سے بواسیر ہر قسم کا عمدہ علاج ہے ان گولیوں سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔یہ گولیاں ہر قسم کے فساد خون کے لئے بھی بہترین دوا ہیں۔معدہ کو قوت دیتی اور بھوک بڑھاتی ہیں۔نمولی کے مغز کا تیل ایک حصہ روغن ناریل دس حصے ملا کر ہر روز سر پر لگائیں چند روز میں ہی بال گرنا بند بال لمبے اور گھنے ملائم سیاہ ہو جائیں گے جوئیں مر جائیں گی سکری،خشکی دور ہو جائے گی۔موسم برسات میں نیم کے درخت پر سبز رنگ کے کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔ان کیڑوں کو سایہ میں خشک کر کے برابر وزن مرچ سیاہ شامل کر کے باریک غبار کر لیں۔اور مرگی کے مریض کو دورہ کی حالت میں بطور نسوار دیں چند مرتبہ ایسا کرنے سے مریض کے دورے رک جاتے ہیں۔کپڑوں،چاول،گیہوں اور دیگر اناج کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لئے نیم کے پتے رکھتے ہیں۔

☆......☆......☆

